نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

21مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

281/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے بچوں کی تعلیم کے لئے سرمایہ کاری

اسلام آباد (21 مئی 2010ء) ___ امریکہ نے پاکستان بھر میں بچوں کے چار سالہ تعلیمی پروگرام کے لئے رفیع پیر تھیٹر ورکشاپ کو 20 ملین ڈالر (1.7 بلین روپے) کی اعانت فراہم کی ہے۔ رفیع پیر تھیٹر ورکشاپ وزارتِ تعلیم اور وزارتِ اطلاعات ونشریات کے اشتراک سے زبان، مسائل کے حل، اور تجزیاتی غور وفکر کی صلاحیتوں کے فروغ کے لئے ایک ملٹی میڈیا پروگرام وضع کرے گا۔

معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے قائم مقام مشن ڈائریکٹر لارنس ہارڈی نے کہا کہ اس اقدام سے پاکستانی ماہرین تعلیم وابلاغیات کو اپنے ملک کے بچوں کو تعلیمی مواد فراہم کرنے کا ایک ذریعہ میسر آئے گا۔ انھوں نے کہا کہ پیغامات ملک میں مروج نصاب تعلیم پر مبنی پاکستانی ثقافت اور اقدار کی نمائندگی کرتے ہوئے علم کے فروغ میں مدد دیں گے۔

اس پروگرام میں پتلیوں کے ذریعے دکھائی جانے والی ٹیلیویژن کی نشریات، اسی طرح کے کرداروں پر مبنی ریڈیو پروگرام، اور ایک متحرک ویب سائٹ شامل ہے جس کے ذریعے بچے اپنی پسندیدہ پتلیوں سے میل جول رکھ سکیں گے۔ یہ منصوبہ گاڑیوں میں قائم کئے گئے تھیٹروں سے براہِ راست پروگراموں کے ذریعے دور دراز کے دیہی علاقوں بشمول لڑائی سے متاثرہ اضلاع میں جاری کیا جائے گا۔ تیس ضلعی سفیروں کو پہلے سے ریکارڈ شدہ پتلی پروگرام لیپ ٹاپ کمپیوٹر پر دکھانے کی تربیت دی جائے گی۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رفیع پیر تھیٹر کے فیضان پیرزادہ نے کہا کہ اس حجم کا منصوبہ پاکستانی بچوں کے لئے ایک شاندار موقع ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے بچے چار سال اور متوقع طور پر اس سے زیادہ عرصہ تک تخلیقی تدریس پر مبنی اس غیر رسمی پروگرام کے ساتھ بڑے ہوں گے۔

رفیع پیر تھیٹر ورکشاپ گزشتہ 35 سال سے ٹیلیویژن اور ریڈیو پروگرامنگ، پتلی تماشوں، تھیٹر، اور فنون لطیفہ کے میدان میں سرگرم عمل ہے۔ وہ پروڈکشن اور ڈیزائننگ میں سی سیم ورکشاپ (سابقہ چلڈرنز ٹیلیویژن ورکشاپ) سے مدد لیں گے جو ایک غیر منافع بخش تعلیمی تنظیم ہے جو خواندگی، ریاضی، سائنس، اور سماجی ترقی کی مہارتوں کو جدید انداز میں فروغ دینے کے لئے مصر، اردن اور انڈونیشیا سمیت دنیا بھر کے 140 ممالک کے دس کروڑ بچوں تک رسائی رکھتی ہے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3